# Media Update

7 July 2023

## UNIC

PRESS RELEASE

## UN LAUNCHES CAMPAIGN, CALLING FOR RENEWED GLOBAL AMBITION AND ACTION FOR THE SUSTAINABLE DEVELOPMENT GOALS

### PUBLIC MOBILIZATION COMES AHEAD OF CRITICAL HALFTIME SUMMIT IN SEPTEMBER AT UN IN NEW YORK

New York, 5 July 2023 - The United Nations, today, is kicking off a communications campaign to rally for the Sustainable Development Goals (SDGs), the roadmap for people and planet adopted by world leaders in 2015. Ahead of a critical UN Summit in September, the campaign aims to amplify an urgent call for ambitious new action, showcase the Goals as the blueprint for sustainable progress globally, and galvanize the global public around this shared agenda for our common future.

At halftime toward the deadline of 2030, the promise of the SDGs is in peril. For the first time in decades, development progress is reversing under the combined impacts of climate disasters, conflict, economic downturn and lingering COVID-19 effects.

The 2023 SDG Summit will gather world leaders at the United Nations Headquarters in New York on 18-19 September to reaffirm their collective commitments to the Goals and the promise to leave no one behind. This Summit is a defining moment to urgently put the world back on track to achieving the SDGs.

Starting today, in a major digital activation across platforms and countries worldwide, the UN campaign aims to re-energize the conversation about the Goals.

"We want to get everyone on board for the SDGs", said Nanette Braun, Director of Campaigns in the UN Department for Global Communications. "Our hope is that decision-makers and individual citizens alike will feel inspired to join the conversation and contribute to achieving the Goals with new resolve and ambition."

Building off the color wheel brand of the SDGs, the campaign uses a dynamic new visual system for its messaging to build momentum, raise awareness and mobilize accelerated action for the SDGs.

One core campaign component is the call to individual citizens to take action on the SDGs through the UN's ActNow initiative across all 17 Goals. From using public transportation, to fundraising for schools or speaking up for equality, the platform lists steps that everyone can take to accelerate progress on the SDGs and create better lives on a healthier planet for all.

A curated group of high-profile influencers, the Circle of Supporters, will galvanize their communities to take individual action on the SDGs and to impress upon decision-makers the urgency to act now.

More information on the SDG Summit is available at: https://www.un.org/en/conferences/SDGSummit2023

Hashtag: #GlobalGoals

Media contact:
**Alexandra del Castello,** UN Department of Global Communications, alexandra.delcastello@un.org

# پائیدار ترقی کے عالمی مقاصد کے تحت دنیا بھر میں جاری سرگرمیوں میں تیزی
# اقوامِ متحدہ کی جانب سے ایک نئے عزم اور جذبے کے ساتھ کام کرنے کے لئے آگاہی مہم کا آغاز

ایس ڈی جیز کی نصف مدت کی تکمیل اور ستمبر میں نیویارک میں ہونے والے اہم سربراہ اجلاس سے قبل بھرپور عوامی سرگرمیاں

**نیویارک، 5 جولائی 2023** - اقوامِ متحدہ نے پائیدار ترقی کے عالمی مقاصد (ایس ڈی جیز) کے تحت ہونے والی سرگرمیوں میں تیزی لانے کے لئے آگاہی مہم کا آغاز کر دیا۔ 2015 میں تمام عالمی رہنماؤں نے کرہ ارض اور اس پر بسنے والے تمام افراد کی بہتری کے لئے اس روڈمیپ کی منظوری دی تھی۔ ستمبر میں اقوامِ متحدہ کا ایک اہم سربراہ اجلاس منعقد ہونے والا ہے اور اس سے قبل یہ آگاہی مہم اس مقصد کے تحت شروع کی گئی ہے کہ دنیا بھر میں پائیدار ترقی کے ایک بلیوپرنٹ کے طور ایس ڈی جیز کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے، ایک نئے عزم اور جذبے کے ساتھ نئے اقدامات کرنے پر زور دیا جائے اور نوع انسانی کے مشترکہ مستقبل کے اس مشترکہ ایجنڈا کے حق میں دنیا بھر میں عوامی حمایت کو مستحکم بنایا جائے۔

ایس ڈی جیز کی تکمیل کے لئے سال 2030 کا ہدف مقرر کیا گیا تھا اور اس وقت نصف مدت گزر چکی ہے جبکہ عملی طور پر ان مقاصد کے تحت ہونے والی سرگرمیاں مختلف مشکلات سے دوچار دکھائی دیتی ہیں۔ گزشتہ کئی دہائیوں میں پہلی بار دیکھنے میں آ رہا ہے کہ موسمیاتی آفات، تنازعات، معاشی زبوں حالی اور کووڈ کے مجموعی اثرات کے باعث ترقیاتی عمل تنزلی کا شکار ہو چکا ہے۔

ایس ڈی جی سربراہ اجلاس کے موقع پر 18 سے 19 ستمبر کو تمام عالمی رہنما نیویارک میں اقوامِ متحدہ کے صدر دفتر میں جمع ہو رہے ہیں جہاں وہ ان مقاصد کے تحت کئے گئے اجتماعی عہد کی تجدید کریں گے اور اس عزم کا اعادہ کریں گے کہ ان مقاصد کی تکمیل کے لئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جائے گا۔ یہ سربراہ اجلاس دنیا بھر میں ایس ڈی جیز کے تحت ہونے والی سرگرمیوں میں ایک بار پھر تیزی لانے کے لئے فیصلہ کن اہمیت کا حامل ہے۔

اقوامِ متحدہ کی جانب سے آج شروع کی گئی آگاہی مہم کے تحت دنیا بھر کے تمام ممالک میں ڈیجیٹل میڈیا کے تمام پلیٹ فارمز پر آگاہی سرگرمیاں کی جائیں گی جن کا مقصد ایس ڈی جیز کو ایک بار پھر عوامی بحث میں مرکزی حیثیت دلانا اور ان سے متعلق گفتگو میں نئی روح پھونکنا ہے۔

اقوامِ متحدہ کے شعبہ گلوبل کمیونیکیشنز کے ڈائریکٹر کیمپینز نانیت بران نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم ایس ڈی جیز کی جدوجہد میں ہر فرد کو ساتھ لے کر چلنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ دنیا بھر کے فیصلہ ساز حلقے اور عام شہری اس مہم میں ہمارا ساتھ دیں گے، اس

گفتگو کا حصہ بنیں گے اور ایک نئے عزم اور جذبے کے ساتھ ان مقاصد کے حصول میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

ایس ڈی جیز کے لوگو میں شامل رنگوں کا استعمال کرتے ہوئے اس آگاہی مہم میں رنگ و آہنگ کے حسین امتزاج کو ایک نئے انداز میں پیش کیا جا رہا ہے اور پرکشش ڈیزائن اور پرزور پیغامات کے ذریعے تمام متعلقہ حلقوں کو ایس ڈی جیز سے متعلق سرگرمیوں میں تیزی لانے پر مائل کیا جا رہا ہے۔

آگاہی مہم کے تحت دنیا بھر کے شہریوں سے اپیل کی جا رہی ہے کہ وہ 17 ایس ڈی جیز سے متعلق اقوام متحدہ کی جانب سے شروع کی گئی کاوش ActNow کا حصہ بنیں اور ان میں سے کسی بھی مقصد کے تحت ہونے والی سرگرمیوں میں اپنا کردار ادا کریں۔ پبلک ٹرانسپورٹ کا استعمال ہو یا سکولوں کے فنڈز جمع کرنے کی مہم یا برابری اور مساوات کے حق میں آواز اٹھانے کی بات، اس پلیٹ فارم پر ہر طرح کے اقدامات کی ایک تفصیلی فہرست دی گئی ہے اور ہر شہری ان میں سے اپنی پسند کے کسی بھی اقدام کا حصہ بن کر ایس ڈی جیز کی سرگرمیوں کو تیز بنانے اور ہم سب کے لئے بہتر کرہ ارض پر بہتر زندگیاں یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

دنیا بھر کی مختلف بااثر شخصیات پر مشتمل ایک گروپ "سرکل آف سپورٹرز" بھی اس آگاہی مہم کا پیغام دنیا بھر کے لوگوں تک پہنچانے اور انہیں ایس ڈی جیز پر عملی اقدام کی طرف مائل کرنے کے لئے سرگرم ہے۔ دوسری جانب یہ گروپ دنیا بھر کے فیصلہ ساز حلقوں پر زور دے رہا ہے کہ وہ کسی تاخیر کے بغیر فی الفور عملی اقدامات کریں۔

ایس ڈی جی سربراہ اجلاس کے بارے میں مزید معلومات یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں: https://www.un.org/en/conferences/SDGSummit2023

Hashtag : #GlobalGoals

میڈیا کے لئے رابطہ معلومات:

**Alexandra del Castello,** UN Department of Global Communications, alexandra.delcastello@un.org

# FAO

PRESS RELEASE

## FAO Launches DVI Pilot: Bridging the Technological Divide in Rural Pakistan

**Rahim Yar Khan, Punjab (05/07/2023):** The Food and Agriculture Organization of the United Nations (FAO), in collaboration with the Government of Punjab, launched a Digital Village Initiative (DVI) pilot site, today, in a ceremony organized at the Food Security & Agriculture Centre of Excellency (FACE), Ahmadpur Lamma, Rahim Yar Khan.

Two sites: one in Rahim Yar Khan and another in Sargodha, were launched after detailed assessment conducted in 7 districts of Punjab and Sindh with the support of the provincial governments of both provinces. High government officials, community leaders, researchers, male and female farmers, the private sector and other key stakeholders were present at the launching event.

This pilot launch is the FAO's global initiative under the 1000 Digital Village Initiate in Asia and the Pacific to bridge the technological divide and empower rural communities with access to digital resources, education, and opportunities.

During the ceremony, female lead farmers from the pilot site villages also received 10 tablets to use the agriculture-related applications on which they were already trained by FAO.

A ribbon-cutting ceremony at the Hyper Localized Weather Station pilot site was also organized along with a briefing on the digital monitoring and forecasting function of the weather station. The stations were installed on both pilot sites along with the provision of necessary equipment installed at training halls of both sites for virtual training of farmers.

The stations will provide customised weather advisory, forecast pest & disease models and other information to farmers of 10 kilometres range from its vicinity. Both weather station facilities are also equipped to arrange online trainings for farmers on the latest innovations in agriculture.

Male and female farmers of selected pilot sites received training on different features of the weather station. Through these stations, farmers will be able to get customized and specific information to their farmland, accurate data and information which will help them in reducing costs related to inputs and taking measures for crop protection.

The data will also help Punjab Agriculture Extension 2.0 Project, Water Management Department and Start-Up companies to offer customized, farm-specific services to farmers. Booths were also set up at the launching ceremony by the digital service provider, which served as an avenue to connect the farmers with services available to them.

Through the deployment of robust internet infrastructure and the provision of tablets and technological resources, the DVI seeks to empower individuals with access to a wealth of information, e-learning platforms, and digital services.

The DVI represents a significant step towards building a more connected and prosperous future for rural Pakistan. By harnessing the power of technology and fostering digital inclusivity, this initiative promises to bring about positive socio-economic change and uplift communities that have long been underserved.

#

**For more information**

Shariq Lashari, Snr. Communications Associate, 0321-3082691,
shariq.lashari@fao.org

# ایف اے ا و کی جانب سے ڈیجیٹل ویلج آزمائشی منصوبہ کا آغاز: پاکستان کے دیہی علاقوں میں ڈیجیٹل فاصلے مٹانے کی جانب قدم

**رحیم یار خان** ۔ ادارہ خوراک و زراعت اقوام متحدہ پاکستان (ایف اے او) نےحکومت پنجاب کے اشتراک سے ڈیجیٹل ویلج آزمائشی منصوبہ کا آغاز کیا ہے۔ اس سلسلے میں فوڈ سیکیورٹی اینڈ ایگریکلچر سینٹر آف ایکسیلینسی، احمد پور لاما ، رحیم یار خان میں گزشتہ روز ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔

یہ آزمائشی منصوبہ رحیم یار خان اور سرگود کے دو دیہاتوں میں شروع کیا گیا ہے۔ ان مقامات کا انتخاب صوبہ سندھ اور پنجاب کے ۷ اضلاع کے تفصیلی جائزے کے بعد کیا گیاجسکے لئے دونوں صوبائی حکومتوں کی مکمل حمایت حاصل تھی۔ اعلیٰ حکومتی افسران، مقامی لیڈران، محقیقین، مرد اور خواتین کاشتکاروں، نجی شعبہ کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ افراد کی ایک بڑی تعداد نے اس تقریب میں شرکت کی۔

یہ آزمائشی منصوبہ ادارہ خوراک و زراعت کی جانب سے ایشیا اور پیسیفک کے ۱۰۰۰ دیہاتوں میں شروع کئے جانے والے عالمی منصوبے کا حصہ ہے جسکا مقصد تکنیکی تخصیص کو ختم کرنا ہے تاکہ دیہی آبادیوں کی رسائی ڈیجیٹل وسائل، تعلیم اور مواقعوں تک ہو سکے۔

تقریب کے دوران آزمائشی منصوبوں کے تحت منتخب شدہ دیہاتوں سے تعلق رکھنے والی ۱۰ چنیدہ خواتین میں ٹیبلیٹس بھی تقسیم کی گئیں تاکہ وہ زراعت سے متعلقہ ان ایپس کا استعمال کر سکیں جن پر انکو ایف اے او کی جانب سے تربیت دی گئی ہے۔

مقامی ضرورتوں کو مدِ نظر رکھ کے بنائے گئے موسمی سٹیشن کا بھی افتتاح کیا گیا اور اسکے ڈیجیٹل مانیٹرنگ اور پیش گوئی کے نظام پر حاضرین کو بریفنگ دی گئی۔ یہ موسمی سٹیشن دونوں مقامات پر لگائے گئے ہیں اور کسانوں کی ورچوئل ٹریننگ کے لئے تربیتی ہالوں میں ضروری سامان اور آلات بھی نصب کئے گئے ہیں۔

یہ سٹیشن ۱۰ کلومیٹر کے رقبے کے اندر موسمی صورتحال بتائیں گے، متوقع کیڑوں اور بیماریوں کے متعلق پیش گوئی کرینگے اور کسانوں کو دیگر متعلقہ معلومات فراہم کریں گے۔ دونوں موسمیاتی سٹیشنوں پر جدید ترین معلومات پر مبنی تربیتی پروگرام بھی منعقد کرانے کا اہتمام ہے۔ منتخب مرد اور خواتین کاشتکاروں کوان موسمی سٹیشنوں کے مختلف کاموں کے بارے میں تربیت فراہم کی گئی ہے۔ ان سٹیشنز کے ذریعے کسان اپنی اپنی زمین کے متعلق انفرادی اور مخصوص معلومات حاصل کر سکیں گے۔ درست ڈیٹا اور معلومات انکو اپنی فصل کی بہتر حفاظت کرنے میں مدد دیں گے اور انکو اپنی فصل کی دیکھ بھال کے سلسلے میں لاگو آنے والے اخراجات میں کمی میں بھی مدد ملے گی۔

یہ ڈیٹا پنجاب ایگریکلچر ایکسٹینشن ۲.۰ منصوبے، واٹر مینیجمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور سٹارپ-اپ کمپنیوں کو کسانوں کے لئے متعلقہ زرعی خدمات کی فراہمی میں بھی مدد کرے گا۔ تقریب کے موقع پر ڈیجیٹل سروسز فراہم کرنے والی مختلف کمپنیوں کی جانب سے بوتھ بھی قائم کئے گئے تھے۔ ان سے کسانوں کو انکے لئے دستیاب سروسز کے بارے میں براہ راست جاننے کا موقع ملا

تیز ترین انٹرنیٹ انفراسٹکچر ، ٹیبلٹس اور تکنیکی وسائل کی فراہمی سے ڈیجیٹل ویلج آزمائشی منصوبہ افراد کی رسائی معلومات، ای-لرننگ پلیٹ فارمز اور ڈیجیٹل سروسز کے ایک خزانے تک یقینی بنانے کا ارادہ رکھتا ہے ۔

ڈیجیٹل ویلج کا یہ منصوبہ پاکستان کے دیہی علاقوں میں ایک مربوط اور خوشحال مستقبل کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ٹیکنالوجی کی طاقت کو استعمال کر کے اور ڈیجیٹل شمولیت کو فروغ دیکر یہ منصوبہ ایک مثبت سماجی اقتصادی تبدیلی اور معاشرے کے محروم طبقات کی خوشحالی کی امید دلاتا ہے ۔

**برائے مزید معلومات**

شارق لاشاری
سینیئر کمیونیکیشن ایسوسی ایٹ
ایف اے او اسلام آباد
0321-3082691, shariq.lashari@fao.org